## کراچی کے علاقے بنارس میں سی ڈیز مارکیٹ کے دکانداروں کو طالبان کی جانب سے دی جانے والی دھمکیوں کا فوری نوٹس لیا جائے اور دکانداروں کو تحفظ فراہم کیا جائے۔رابطہ کمیٹی

## دکانداروں کو سی ڈیز کا کاروبار بند کرنے کی کھلی دھمکیاں کراچی میں طالبانائزیشن کا ایک اور کھلا ثبوت ہے

## جو عناصر بھی کراچی میں طالبانائزیشن کے حقائق سے انکار کررہے ہیں یہ واقعہ انکی آنکھیں کھولنے کیلئے کافی ہے

کراچی ۔۔۔20 نومبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے طالبان کی جانب سے کراچی کے علاقے بنارس میں سی ڈیز کا کاروبار کرنیوالے دکانداروں کو کاروبار بند کرنے کی کھلم کھلا دھمکیوں کی شدید مذمت کی ہے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ طالبان کی جانب سے بنارس چوک پر واقع مدینہ الیکٹرونکس CD مارکیٹ اور اتفاق CD مارکیٹ کو بند کروانے کیلئے مارکیٹوں یونینوں کے صدر خلیل اللہ ،گل روز حالی ، نائب صدر منیر احمد اور جنرل سیکریٹریوں کو دھمکی آمیز ٹیلی فون موصول ہورہے ہیں اوران دھمکیوں کی وجہ سے مدینہ الیکٹرونکس سی ڈی مارکیٹ اوراتفاق سی ڈی مارکیٹ کی یونینوں نے خوفزدہ ہوکر مارکیٹ کے تمام دکانداروں سے اپیل کی ہے کہ وہ چندروز کے اندر اپنا سی ڈیز کا کاروبار بند کردیں اور جو دکاندار ایسا نہیں کریں گے انکے نقصان کی ذمہ داری ان پر عائد ہوگی۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ پختون آباد، سلطان آباد اور بعض دیگر علاقوں کی طرح بنارس کے علاقے میں بھی دکانداروں کو سی ڈیز کا کاروبار بند کرنے کی کھلی دھمکیاں کراچی میں طالبانائزیشن کا ایک اور کھلا ثبوت ہے اور جو عناصر بھی کراچی میں طالبانائزیشن کے حقائق سے انکار کررہے ہیں یہ واقعہ ان کی آنکھیں کھولنے کیلئے کافی ہے۔رابطہ کمیٹی نے صدر آصف زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اور وزیر داخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا کہ بنارس کے علاقے میں مدینہ الیکٹرونکس سی ڈی مارکیٹ اور اتفاق سی ڈی مارکیٹ کے دکانداروں کو طالبان کی جانب سے دی جانے والی دھمکیوں کا فوری نوٹس لیا جائے اور دکانداروں کو تحفظ فراہم کیا جائے۔

## دنیا کے تین بہترین میئرز میں شامل ہونے پر متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کو ہفتہ 22 نومبر کو عوامی استقبالیہ دیا جائے گا

## عوامی استقبالیہ عزیز آباد کے جناح گراؤنڈ میں منعقد کیا جائے گا۔الطاف حسین لندن سے ٹیلی فونک خطاب کریں گے

کراچی ۔۔۔20،نومبر 2008ء۔۔سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کو دنیا کے تین بہترین میئرز میں شامل ہونے پر متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے سٹی ناظم کراچی کو ہفتہ 22 نومبر کو ایک عوامی استقبالیہ دیا جائے گا۔یہ عوامی استقبالیہ ہفتہ کی شب عزیز آباد کے جناح گراؤنڈ میں منعقد کیا جائے گا جس میں سٹی ناظم کراچی کو شاندار خراج تحسین پیش کیا جائے گا۔استقبالیہ سے ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین لندن سے ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔اس موقع پر ایک ورائٹی شو بھی منعقد کیا جائے گا جس میں فلم، ٹیلیویژن، اسٹیج اور ریڈیو کے نامور فنکار حصہ لیں گے اور اپنے فن کا مظاہرہ کریں گے۔جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں ایم کیوایم کی جانب سے استقبالیہ کی تیاریاں شروع کردی گئی ہیں۔اس سلسلے میں مختلف شعبہ جات کی ہونیوالی میٹنگ میں پروگرام آرگنائزنگ کمیٹی ، پنڈال کمیٹی، اسٹیج کمیٹی، لائٹ اینڈ ساؤنڈ کمیٹی، فوڈ ایک ٹی کمیٹی، ٹریفک کنٹرول کمیٹی، ویلکم کمیٹی اور وتجلینس کمیٹی سمیت دیگر کمیٹیاں تشکیل دیدی گئی ہیں جنہوں نے استقبالیہ کی تیاریاں شروع کردی ہیں۔

## عوامی نیشنل پارٹی دوہری پالیسی پر عمل پیرا ہوکر کراچی طالبانائزیشن سے انکار کررہی ہے، پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی

## غلام احمد بلور عوام کو جواب دیں کہ طالبان صرف کراچی کا ہی رخ کیوں کررہے ہیں؟ یہ کہیں اور کیوں نہیں جا کر بستے ؟

کراچی ۔۔۔20،نومبر 2008ء۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی نے عوامی نیشنل پارٹی کے رہنماء غلام احمد بلور کے بیان پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اے این پی کے رہنما طالبانائزیشن کے بارے میں دوہری پالیسی پر عمل پیرا ہوکر کراچی میں طالبانائزیشن کے حقائق سے چشم پوشی کررہے ہیں، اپنی جانوں کے خوف سے کراچی آنیوالے مسلح طالبان دیگر صوبوں کا روخ کیوں نہیں کررہے؟ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کی نمائندہ جماعت ہے جس میں پختونوں سمیت دیگر قومیتوں کی بڑی تعداد شامل ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ ایم کیوایم پر لسانیت کا الزام لگانے والے اپنے گریبان میں جھانکے

اورعوام کو جواب دیں کہ انکی پارٹی میں کتنے غیر پختون شامل ہیں؟ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے کبھی پختونوں کی مخالفت نہیں کی بلکہ سندھ میں مستقل آباد پختونوں کو سندھ کا باشندہ قرار دیتے ہوئے انہیں اپنا بھائی تسلیم کیا۔ پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی نے کہا کہ بقول غلام احمد بلور، کراچی پہنچنے والے طالبان نہیں بلکہ پختون ہیں جو اپنی جانیں بچا کر سرحد سے کراچی آرہے ہیں تو غلام احمد بلور عوام کو جواب دیں کہ یہ طالبان صرف کراچی کا ہی رخ کیوں کررہے ہیں؟ یہ کہیں اور کیوں نہیں جا کر بستے؟ طالبان کے پاس جدید اسلحہ کہاں سے آیا اور وہ کراچی کی زمینوں پر قبضہ کرکے مورچہ بند ہو کیوں بیٹھے ہیں؟ انہوں نے کہا کہ یہ بات ریکارڈ پر موجود ہے کہ کراچی میں ہونیوالے بینک ڈکیتیوں، قتل وغارتگری اور لوٹ مار کی وارداتوں میں قبائلی علاقوں سے آنیوالے طالبان ملوث ہیں جو کراچی میں وارداتیں کرکے واپس قبائلی علاقوں میں روپوش ہو جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ طالبانائزیشن کے خلاف ہے اور کسی بھی قیمت پر طالبان کو سندھ خصوصاً کراچی میں قابض نہیں ہونے دیگی۔ انہوں نے کہا کہ ایک جانب عوامی نیشنل پارٹی سندھ میں طالبان کو پختونوں کا نام دیکر ان کی حمایت کررہی ہے جبکہ دوسری جانب سرحد میں وہ خود طالبان کے خوف سے راہ فرار اختیار کیے ہوئے ہے۔

## ہر معاملہ پر ایم کیو ایم کو بالواسطہ اور بلاواسطہ حدفِ تنقید بنانا اور موردِ الزام قرار دینے کا عمل متعصّبانہ رویہ اور شاؤنسٹ ذہنیت کا مظاہرہ ہے۔ اراکین رابطہ کمیٹی ڈاکٹر نصرت، اشفاق منگی اور آنسہ ممتاز انوار

## متعصب اینکرز اور نام نہاد دانشور ایک اور المیہ مشرقی پاکستان کو جنم دینے کی تیاریوں میں زور وشور سے مصروف ہیں

کراچی ۔۔۔20 نومبر 2008ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان ڈاکٹر نصرت، اشفاق منگی اور آنسہ ممتاز انوار نے پاکستان کے ایک مقامی ٹیلی وژن کے ٹاک شو میں پروگرام کے اینکر ایک چوہدری صاحب نے دیگر شاؤنسٹ اینکرز مین کو بلاکر ایم کیو ایم اور سٹی ناظم کراچی مصطفیٰ کمال کو ملنے والے بین الاقوامی اعزاز پر جولن ترانیاں کی ہیں اور جس بدتہذیبی کا انداز اپنایا ہے اس نے ایک مرتبہ پھر اس بات کا اشارہ دیدیا ہے کہ پنجاب سے تعلق رکھنے والے یہ متعصب اینکرز اور نام نہاد دانشور ایک اور المیہ مشرقی پاکستان کو جنم دینے کی تیاریوں میں زور وشور سے مصروف ہیں۔ اپنے ایک مشترکہ بیان میں اراکین رابطہ کمیٹی نے کہا کہ لاکھوں عوام کی نمائندہ اور ملک کی تیسری بڑی عوامی جماعت کو ہر معاملہ پر بالواسطہ اور بلاواسطہ حدفِ تنقید بنانا اور اسے موردِ الزام قرار دینے کا عمل متعصّبانہ رویہ اور شاؤنسٹ ذہنیت کا مظاہرہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ، پیپلز پارٹی اور جماعت اسلامی سمیت کونسی ایسی جماعت ہے جس نے میڈیا کے متعصّبانہ وغیر جانبدارانہ رویہ پر اظہار تنقید نہیں کیا ہو لیکن ایم کیو ایم پر لعن طعن کرنے والے اور بیجا الزامات لگانے والے ان متعصب اور شاؤنسٹ ذہنیت رکھنے والے اینکرز میں نے کبھی ان جماعتوں کو حدفِ تنقید نہیں بنایا لیکن یہ ایم کیو ایم پر بیجا تنقید کرکے اسے اپنے تعصب کا نشانہ بنارہے ہیں جو کہ افسوسناک ہے۔ اراکین رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ان اینکرز مین کو اگر پاکستان کی سلامتی سے زرہ برابر محبت ہے تو وہ اپنے رویہ میں تبدیلی لائیں، اپنے دلوں اور ذہنوں کو کشادہ کریں اور اپنے اندر برداشت کی قوت پیدا کریں ورنہ یہ متعصّبانہ طرزِ عمل ملک میں نفرت کو مزید فروغ دینے کا سبب بنے گا جو پاکستان کے مفاد میں ہرگز نہ ہوگا۔

## قبائلی علاقوں پر امریکی ونیٹو طیاروں کے حملوں کو بند کروانے کیلئے ملک کی مسلح افواج کی کمان جنرل حمید گل کو دیدی جائے، اگر پھر بھی جنرل حمید گل یہ حملے نہ رکواسکیں تو پھر انہیں اس کی سزا دی جائے۔ ارکان سندھ اسمبلی متحدہ قومی موومنٹ

کراچی ۔۔۔20 نومبر 2008ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کے ارکان سندھ اسمبلی نے پاکستان کے قبائلی علاقوں پر امریکی ونیٹو طیاروں کے حملوں کے بارے میں آئی ایس آئی کے سابق سربراہ جنرل ریٹائرڈ حمید گل کے بیان پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ جنرل حمید گل امریکی ونیٹو طیاروں کے حملوں کے بارے میں حکومت کو جس طرح بیجا تنقید کا نشانہ بنارہے ہیں اور بڑھ چڑھ کر جن پر جوش خیالات کا اظہار کررہے ہیں اس کو دیکھتے ہوئے حکومت کو ہمارا مشورہ ہے کہ قبائلی علاقوں پر امریکی ونیٹو طیاروں کے حملوں کو بند کروانے کیلئے ملک کی مسلح افواج کی کمان جنرل حمید گل کو دیدی جائے اور اگر پھر بھی جنرل حمید گل یہ حملے نہ رکواسکیں تو پھر انہیں اس کی سزا دی جائے۔ ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ وقت کا تقاضہ ہے کہ ہمارے سیاسی رہنما اور سیاسی ودفاعی تجزیہ نگار حقیقت پسندانہ اندازِ فکر اختیار کریں اور جذباتی طرزِ عمل اختیار کرکے ملک وقوم کو مزید تباہی وبربادی کی طرف دھکیلنے کی کوشش نہ کریں۔

## لارڈ نذیر احمد برطانیہ میں مسلمانوں اور پاکستان کی بدنامی کا سبب بن رہے ہیں۔سیکٹرانچارجز متحدہ قومی موومنٹ
## لارڈ نذیر کو پاکستان میں عشائیہ دینے والے لوگ بھی اللہ کی نظر میں حرام کاری کے مجرم سمجھے جائیں گے

کراچی ۔۔۔20 نومبر 2008ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کراچی کے سیکٹرانچارجز نے برطانیہ کے لارڈ نذیر احمد کی جانب سے برطانوی قوانین کی خلاف ورزی کے بارے میں لندن کے بعض اخبارات میں شائع ہونے والی خبر پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ لارڈ نذیر احمد ویسے تو انصاف وقانون کی بہت باتیں کرتے ہیں اوردوسروں پر بلاجواز کیچڑ اچھالنے سے گریز نہیں کرتے لیکن ان کا اپنا کردار یہ ہے کہ وہ برطانوی ایوان بالا ''دارالامراء'' کے رکن ہونے کے باوجود برطانوی قوانین کی کھلم کھلا خلاف ورزی کررہے ہیں اور برطانوی اخبارات کے مطابق لارڈ نذیر احمد نے خطرناک ڈرائیونگ کرکے سلواکیہ سے تعلق رکھنے والے ایک شخص کو کچل دیا اوران کی خطرناک ڈرائیونگ کی وجہ سے کئی گاڑیاں ٹکرا کر تباہ ہوگئیں جس کی وجہ سے آج انہیں برطانیہ میں عدالتی کارروائی کا سامنا ہے۔سیکٹرانچارج نے کہا کہ شراب پی کر ڈرائیونگ کرنے والے لارڈ نذیر احمد کو پاکستان میں عشائیہ دینے والے لوگ بھی اللہ کی نظر میں حرام کاری کے مجرم سمجھے جائیں گے۔سیکٹرانچارجز نے کہا کہ برطانیہ میں آباد بعض کشمیری لارڈ نذیر احمد کو کشمیریوں کا ہمدرد سمجھتے ہیں جبکہ وہ کشمیریوں کے ہی نہیں بلکہ مسلمانوں کے بھی مخالف ہیں اور برطانیہ میں مسلمانوں اور پاکستان کی بدنامی کا سبب بن رہے ہیں۔سیکٹرانچارجز نے کہا کہ حکومت پاکستان کو بھی چاہیے کہ وہ لارڈ نذیر احمد کی غیر قانونی سرگرمیوں کی تحقیقات کرائے۔

## ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر کے سینئر کارکن محمد سعید علالت کے باعث انتقال کرگئے، رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔20،نومبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 149 کے کارکن محمد سعید ولد محمد شفیع علالت کے باعث انتقال کرگئے۔مرحوم کی عمر 42 سال تھی اوروہ شادی شدہ تھے۔محمد سعید مرحوم عرصہ دراز سے شوگر اور گردے کے مرض میں مبتلا تھے اورگزشتہ کئی دنوں سے سول ہسپتال میں زیر اعلاج تھے کہ جمعرات کی صبح ان کی طبیعت اچانک بگڑ گئی اورڈاکٹروں کی تمام کوششوں کے باوجود بھی وہ جانبر نہ ہوپائے اوراپنے خالق حقیقی سے جاملے۔مرحوم کے پسماندگان میں بیوہ اور پانچ بیٹیاں اورایک بیٹا شامل ہیں۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے محمد سعید کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے اورمرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت، ان کے بلند درجات اور سوگواران صبر جمیل کیلئے دعا کی۔

## فیڈرل بی ایریا سیکٹر کے کارکن محمد سعید کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔20،نومبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر کے سینئر کارکن محمد سعید کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ محمد سعید مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اورسوگواران صبر جمیل دے۔(آمین)

☆☆☆☆☆